علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ سیرت سٹڈیز)

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہوجائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس: سیرت نگاری کے اسالیب ورجحانات، (3911) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایس (سیرت سٹڈیز)

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کرکے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کرسکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1تا4)

سوال نمبر1- سیرت نگاری کے مختلف ادوار پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2- حضرت عروہ بن زبیرؓ اور حضرت ابان بن عثمان کی سیرت نگاری پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3- یونٹ نمبر دو کا جامع خلاصہ سپرد قلم کریں۔ (20)

سوال نمبر4- امام ابن کثیر کی سیرت نگاری کے تعارف و منہج پر جامع نوٹ قلمبند کریں۔ (20)

سوال نمبر5- شمائل ترمذی کے تعارف اور اسلوب پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5تا9)

سوال نمبر1۔ امام ابن الجوزی کی خدماتِ سیرت پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ حقوق الرسول ﷺ کا تعارف قلمبند کریں اور اس موضوع پر تین اہم کتب کی نشاندہی کریں۔(20)

سوال نمبر3۔ مکہ مکرمہ کی تاریخ پر لکھی جانے والی دو کتابوں کا تعارف و منہج مفصل تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ یونٹ نمبر آٹھ کے مضامین کا جامع خلاصہ سپرد قلم کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ فقہ السیرۃ کے تعارف اور اس موضوع پر تین اہم کتابوں کے منہج پر مضمون قلمبند کریں۔ (20)